روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 11 فروری 2009ء 15 صفر 1430 ہجری 11 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 33

دہرا اجر

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ شخص جو اٹکتے ہوئے قرآن پڑھتا ہے اور یہ کیفیت اس کو تکلیف دیتی ہے تو اس کیلئے دہرا اجر ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب فضل الماھر صفحہ :1329)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بات خدا تعالیٰ کے قانون قدرت کے برخلاف ہے کہ وہ شیاطین کو ان کے مواضع مناسبہ سے معطل کر دیوے۔ اللہ جلشانہٗ قرآن کریم میں فرماتا ہے وما ارسلنا من قبلك .... یعنے ہم نے کوئی ایسا رسول اور نبی نہیں بھیجا کہ اس کی یہ حالت نہ ہو کہ جب وہ کوئی تمنا کرے یعنے اپنے نفس سے کوئی بات چاہے تو شیطان اس کی خواہش میں کچھ نہ ملاوے یعنی جب کوئی رسول یا کوئی نبی اپنے نفس کے جوش سے کسی بات کو چاہتا ہے تو شیطان اس میں بھی دخل دیتا ہے تب وحی متلو جو شوکت اور ہیبت اور روشنی تام رکھتی ہے اس دخل کو اٹھا دیتی ہے اور منشاء الٰہی کو مصفّا کر کے دکھلا دیتی ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نبی کے دل میں جو خیالات اٹھتے ہیں اور جو کچھ خواطر اس کے نفس میں پیدا ہوتی ہے درحقیقت وہ تمام وحی ہوتی ہیں جیسا کہ قرآن کریم اس پر شاہد ہے۔ وما ینطق عن الھویٰ ....لیکن قرآن کی وحی دوسری وحی سے جو صرف معانی منجانب اللہ ہوتی ہیں تمیز کلّی رکھتی ہے اور نبی کے اپنے تمام اقوال وحی غیر متلو میں داخل ہوتے ہیں کیونکہ روح القدس کی برکت اور چمک ہمیشہ نبی کے شامل حال رہتی ہے اور ہر یک بات اس کی برکت سے بھری ہوئی ہوتی ہے اور وہ برکت روح القدس سے اس کلام میں رکھی جاتی ہے لہٰذا ہر یک بات نبی کی جو نبی کی توجہ تام سے اور اس کے خیال کی پوری مصروفیت سے اس کے منہ سے نکلتی ہے وہ بلاشبہ وحی ہوتی ہے۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5ص 352، 353)

جو علما عارف باللہ اور مؤید من اللہ ہوتے ہیں وہ بتائید روح القدس جملہ علوم کا استخراج قرآن مجید سے کر سکتے ہیں۔ (الحق۔ روحانی خزائن جلد 4 ص 294)

”تفسیر قرآن میں دخل دینا بہت نازک امر ہے۔ مبارک اور سچا دخل اس کا ہے جو روح القدس سے مدد لے کر دخل دے؛ ورنہ علوم مروجہ کا لکھنا دنیاداروں کی چالاکیاں ہیں۔“

(ملفوظات جلد اول ص 505)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔
”قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو۔ بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو“ (ملفوظات جلد 3 صفحہ 285)
(مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن ووقف عارضی)

درخواست دعا

۞ مختلف سکولوں اور کالجوں کے امتحانات شروع ہو چکے ہیں۔ اور کچھ آئندہ شروع ہوں گے احباب جماعت سے تمام احمدی طلباء و طالبات کی نمایاں کامیابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

کلاس نہم دہم کے واقفین نو متوجہ ہوں

۞ مورخہ 13 فروری 2009ء کو بوقت 8:30 بجے صبح بیت مہدی میں تمام نہم دہم میں پڑھنے والے واقفین نو سکول کی یونیفارم پہن کر اپنا سائیکل لے کر پہنچ جائیں۔ تمام سیکرٹریان واقفین نو اپنے محلّہ کے نہم دہم کے واقفین نو کی حاضری یقینی بنائیں۔
(سیکرٹری وقف نو لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

ضرورت کارکن وسیکیورٹی گارڈ

نظامت جائیداد صدر انجمن احمدیہ کو ویئر ہاؤس دارالنصر وسطی ربوہ کے لئے درج ذیل آسامیوں پر ایسے افراد کی ضرورت ہے جو محنتی ہوں اور سلسلہ کی خدمت کا شوق رکھتے ہوں۔ ایسے خواہشمند احباب اپنی درخواستیں تعلیمی سندات وفوٹو کاپی شناختی کارڈ اور ایک عدد تصویر کے ہمراہ مورخہ 15 فروری 2009ء تک امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش کے ساتھ نظامت جائیداد کو بھجوادیں۔

1۔ انچارج ویئر ہاؤس۔ Inpage اور Data Base سے بخوبی واقفیت رکھتے ہوں اور کمپیوٹر پر تمام سٹور کو آپریٹ کرسکیں۔

2۔ سیکیورٹی گارڈ (بالمقطعہ) کم از کم میٹرک پاس ہوں۔ ریٹائرڈ فوجی اور سیکیورٹی کا تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

(نظامت جائیداد صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

13 فروری 2009ء

5-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-10 am	المائدہ
6-30 am	لقاء مع العرب
7-35 am	دورہ حضور انور
8-20 am	ترجمۃ القرآن
9-25 am	مشاعرہ ''ایک شام''
10-20 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm	جامعہ احمدیہ یوکے کلاس
1-05 pm	فرنچ سیکھئے
1-30 pm	سرائیکی سروس
2-15 pm	اردو ملاقات
3-20 pm	انڈونیشین سروس
4-15 pm	سیرت صحابہ رسول ﷺ
5-00 pm	تلاوت، خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ براہ راست
7-15 pm	درس حدیث
7-25 pm	بنگلہ پروگرام
8-20 pm	سیرت صحابہ رسول ﷺ
9-00 pm	خطبہ جمعہ دوبارہ
10-10 pm	سپاٹ لائیٹ
11-05 pm	فرنچ سیکھئے
11-30 pm	عربی سروس

14 فروری 2009ء

1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am	خطبہ جمعہ
3-20 am	امریکن ہسٹری
4-00 am	اردو ملاقات
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-20 am	فرنچ سیکھئے
6-45 am	لقاء مع العرب
8-05 am	خطبہ جمعہ
9-20 am	سپاٹ لائیٹ
10-25 am	امریکن ہسٹری
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm	خطبہ جمعہ
1-00 pm	سیرت صحابیات
1-50 pm	خطبہ جمعہ
2-50 pm	انڈونیشین سروس
3-45 pm	فرنچ سروس
4-25 pm	آسٹریلیا کی دلکشی
5-00 pm	تلاوت، خبریں
6-05 pm	بنگلہ پروگرام
7-10 pm	انتخاب سخن
8-10 pm	گلشن وقف
9-30 pm	خطبہ جمعہ
10-30 pm	آسٹریلیا کی دلکشی
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے خبریں
11-30 pm	عربی سروس

15 فروری 2009ء

1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-15 am	پاکستان سروس
4-15 am	خطبہ جمعہ
5-10 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-30 am	لقاء مع العرب
7-35 am	خطبہ جمعہ
8-40 am	سیرت صحابیات
9-25 am	سوال وجواب
10-30 am	آسٹریلیا کی دلکشی
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-20 pm	سفر نائیجیریا بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
2-00 pm	دورہ حضور انور
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سپینش سروس
5-05 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-05 pm	خطبہ جمعہ
8-10 pm	گلشن وقف نو
9-25 pm	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
9-50 pm	عربی سیکھئے
10-25 pm	خطبہ جمعہ
11-30 pm	عربی سروس

16 فروری 2009ء

1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-20 am	خطبہ جمعہ
4-20 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
5-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
7-40 am	خطبہ جمعہ
8-45 am	عربی سیکھئے
9-15 am	سوال وجواب
10-05 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm	چلڈرنز کلاس
1-05 pm	فرنچ پروگرام
1-30 pm	فرنچ سروس
2-40 pm	انڈونیشین سروس
3-35 pm	سپاٹ لائیٹ
4-05 pm	طب وصحت
5-00 pm	تلاوت، خبریں
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-00 pm	خطبہ جمعہ
8-00 pm	سپاٹ لائیٹ
8-35 pm	چلڈرن کلاس
9-50 pm	فرنچ ملاقات
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے خبریں
11-30 pm	عربی سروس

17 فروری 2009ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-25 am	چلڈرن کلاس
3-25 am	خطبہ جمعہ
4-25 am	سپاٹ لائیٹ
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 am	فرنچ پروگرام
6-40 am	لقاء مع العرب
7-45 am	خطبہ جمعہ
8-40 am	فرنچ سروس
9-45 am	طب وصحت
10-25 am	سپاٹ لائیٹ
11-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
12-00 pm	چلڈرن کلاس
1-10 pm	سوال وجواب
2-15 pm	مباحثہ
3-10 pm	انڈونیشین سروس
4-10 pm	سندھی سروس
5-10 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-10 pm	بنگلہ پروگرام
7-10 pm	جلسہ سالانہ غانا
8-00 pm	چلڈرن کلاس
9-00 pm	سوال وجواب
10-20 pm	انتخاب سخن
11-30 pm	عربی سروس

18 فروری 2009ء

12-30 am	خطبہ جمعہ
1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-15 am	جلسہ سالانہ غانا
4-00 am	مباحثہ انگریزی زبان میں
5-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-00 am	عربی سیکھئے
6-30 am	لقاء مع العرب
7-45 am	سوال وجواب
9-00 am	مباحثہ انگریزی زبان میں
10-10 am	جلسہ سالانہ غانا
11-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 pm	چلڈرنز کلاس
1-05 pm	مباحثہ اردو زبان میں
2-25 pm	سوال وجواب
3-15 pm	انڈونیشین سروس
4-10 pm	سواحیلی سروس
5-05 pm	تلاوت، خبریں
5-50 pm	بنگلہ پروگرام
6-50 pm	خطبہ جمعہ
7-55 pm	تقریر جلسہ سالانہ
8-20 pm	شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
9-00 pm	چلڈرن کلاس
10-10 pm	سوال وجواب
11-10 pm	درس حدیث
11-30 pm	عربی سروس

☆☆☆☆☆

تصحیح

۞ روزنامہ الفضل 9 فروری 2009ء صفحہ 11 پر سرشیخ عبدالقادر کے بارے میں ایک نوٹ شائع ہوا ہے۔ جس میں جناب سید عبدالقادر کے بارے میں بھی نام کی یکسانیت کی وجہ سے چند معلومات شائع ہو گئی ہیں۔ حضرت مصلح موعود نے 26 فروری 1919ء میں ایک اجلاس میں عالمانہ تقریر فرمائی اس کی صدارت جناب سید عبدالقادر نے کی اور حضور کو بہترین خراج تحسین پیش کیا۔ جبکہ سرشیخ عبدالقادر کو یہ تاریخی سعادت نصیب ہوئی کہ 3۔ اکتوبر 1926ء کو انہوں نے بیت الفضل لندن کا افتتاح کیا۔ ان دونوں قابل احترام شخصیات کا تاریخ احمدیت میں الگ الگ ذکر ہے۔ مذکورہ نوٹ میں ان کے تعارف الگ الگ پڑھے جائیں۔ ادارہ اس غلطی پر معذرت خواہ ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

از افاضات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

اس زمانے کے متعلق قرآنی پیشگوئیاں

مورخہ 25 جنوری 1998ء کو درس القرآن نمبر 22 میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے سورۃ التکویر آیت 1 تا 14 کی تلاوت کے بعد فرمایا:

ان تمام آیات میں ربط موجود ہے۔ جب سورج کو لپیٹ دیا جائے گا اور جب ستارے ماند پڑ جائیں گے۔ یہ قیامت کے بعد ہونے والی باتیں تو نہیں ہیں۔ "اذا الشمس کورت" سے مراد سوائے آنحضرت ﷺ اور (دین) کے سورج کے اور کوئی لیا ہی نہیں جاسکتا۔ اس آیت کی ترتیب بتا رہی ہے کہ شمس سے مراد سراجاً منیراً ہے اور یہ وہ دور ہے جس میں آپ کی شان اور روشنی کو لپیٹ دیا گیا ہے اور صحابہ اور علماء وہ ستارے ہیں جن کا ذمہ (دین) کو روشن رکھنا تھا اور جن کی روشنی ماند پڑ چکی تھی۔ "واذاالجبال سیرت" اور جب پہاڑ چلائیں گے۔ پہلی دو آیات میں روحانی منظر کھینچنے کے بعد دنیاوی حالت بیان فرمائی ہے۔ اس آیت میں دو معنے ہیں۔ ایک تو یہ کہ پہاڑوں پر کثرت سے چلا جائے گا اور دوسرے یہ کہ پہاڑوں کے برابر بوجھل وزن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جائے گا اور پہاڑوں کو واقعی اڑانے کے بعد چٹیل زمین نکالی جاتی ہے اور کام میں لائی جاتی ہے۔ یہ تینوں باتیں اس زمانے میں پوری ہو رہی ہیں۔ ان کے علاوہ پہاڑ کا لفظ حکومتوں پر بھی استعمال ہوتا ہے یعنی بعض حکومتوں کا اثر و رسوخ دنیا میں پھیلا دیا جائے گا۔ یہ ساری باتیں جو ان آیات میں مذکور ہیں اس زمانے میں ہو رہی ہیں۔ ایک طرف (دین) کا سورج لپیٹا گیا ہے اور دوسری طرف بڑی بڑی حکومتیں اٹھ کھڑی ہوئی ہیں اور اپنا اثر و رسوخ ساری دنیا میں پھیلا رہی ہیں۔ واذا العشار عطلت" وزن کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا بتاتا ہے کہ طاقتور ٹرانسپورٹ کے ذرائع ایجاد ہو جائیں گے اور اونٹنیاں بیکار ہو جائیں گی۔ حضور نے فرمایا کہ یہ ایک جانور ہے جو بیکار کیا گیا ہے لیکن باقی وحوش کی اہمیت اتنی بڑھ گئی ہے جو "واذاالوحوش حشرت" میں بیان ہوئی ہے کہ مختلف قسم کے جانور دنیا کے مختلف چڑیا گھروں میں اکٹھے کئے جائیں گے۔ "واذاالبحار سجرت" جب یہ جانور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کئے جا رہے ہیں تو ظاہر ہے کہ کسی سواری پر کیا جا رہا ہے جس کے لئے مضبوط اور بڑے ٹرانسپورٹ سسٹم کی ضرورت ہے۔ اس زمانے کا انسان گمان بھی نہیں کرسکتا تھا۔ دنیا بھر کے چڑیا گھروں میں جو جانور نظر آتے ہیں وہ اونٹنیوں کے معطل ہونے اور نئی ٹرانسپورٹ کی ایجاد کی وجہ سے ہے۔ "واذاالبحار سجرت" کا وہ ترجمہ جو ہونا چاہیئے ہماری تفسیروں سے غائب ہے۔ حالانکہ یہ وہ دور ہے جس میں سمندر جہازوں سے بھر جاتے ہیں۔ Lane Lexican نے بھی لفظ، بحار سجرت کے تحت یہی معنے کئے ہیں۔ لڑائیوں کے علاوہ آج کل سمندر عظیم الشان جہازوں سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ "واذا النفوس زوجت" یہ ساری ٹرانسپورٹ ساری دنیا کو ملانے اور ایک جان بنانے کا ذریعہ بن جائے گی۔ حضور انور نے فرمایا U.N.O اور دیگر علاقائی معاہدوں کے ذریعے یہ سب ہو رہا ہے۔ ان آیات کی شان نزول اس طرح مربوط ہے اور زمانے کے واقعات بعینہ اس طرح ظاہر ہو رہے ہیں اور پھر آگے فرمایا "واذا الموؤدۃ سئلت" قانون کا دور ہوگا۔ دنیا آپس میں قانون سے باندھی جائے گی۔ اولاد پر ذاتی ملکیت کا دور ختم ہو جائے گا اور قومی ملکیت ہوگی۔ پاکستان اور انڈیا میں Child Labour ہو رہی ہے اور یہاں کے لوگ انہیں پوچھ رہے ہیں کہ ایسا کیوں ہے۔ الغرض عالمی قوانین کا دور ہوگا۔ بنیادی حقوق کے بارہ میں یو این او کے ذریعہ ہر ملک سے پوچھا جائے گا۔ زوجت نے سب کو ایک کر دیا ہے اور پھر فرمایا "واذاالصحف نشرت" اس سے زیادہ آپس میں ملانے کا کوئی ذریعہ نہیں جس طرح اخبارات ملاتے ہیں، ٹی وی اور ریڈیو بھی اتنے مؤثر نہیں۔ یہ اخباروں کا دور ہے۔ وہ زمانہ برادری کو صحف کے ذریعہ سے جوڑنے کا زمانہ ہو گا۔ کثرت سے کتب اور لٹریچر شائع ہوگا۔ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں اس کا تصور ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ لفظ نشرت بتا رہا ہے کہ نشر و اشاعت کا زمانہ ہو گا۔ آگے چلیں تو "واذاالسماء کشطت" میں سائنسی علوم کی ترقی کی خبر ملتی ہے۔ آسمان کی کھال ادھیڑ دی جائے گی۔ تعلیم نے انسانوں میں طاقت پیدا کر دی ہے۔ صحف نشرت کا زمانہ علم کے ساتھ ہے۔ "واذاالجحیم سعرت" (دین) کا سورج ڈھانپے جانے کے بعد اور ان تمام ایجادات کے بعد وہ امن اور چین جو آنحضرت ﷺ کے ساتھ وابستہ تھا وہ جاتا رہے گا۔ تم جو بھی کرلو گے وہ سب جہنم کی وہ آگ ہے۔ جو عالمی جنگیں بھڑکانے کا سبب بنتی رہیں گی۔ حضور انور نے فرمایا عالمی ایجادات وغیرہ کے بعد سائنس جو پر پرزے نکال رہی ہے اس سے آگ مراد ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ دیکھیں ہر آیت اور واقعہ دوسرے سے مربوط ہے۔ ہر آیت کا نتیجہ اگلی آیت میں ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 13 فروری 1998ء)

زمین و آسمان کا جڑے

ہوئے گیند کی طرح ہونا

25 جنوری 1998ء کو درس القرآن میں حضور نے سورۃ الانبیاء کی آیات 31 تا 34 تلاوت فرمائیں اور فرمایا کہ یہ حیرت انگیز کلام الٰہی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں زمین و آسمان کا تصور کہ وہ جڑے ہوئے گیند کی طرح ہیں بالکل نہیں تھا اور مزے کی بات ہے کہ اس میں کفار کو خطاب کیا گیا ہے جو خدا اور رسول کے منکر ہیں کیونکہ زمین و آسمان کے رتقا ہونے کا راز مستقبل میں کفار نے ہی معلوم کرنا تھا اور موجودہ دور میں جو خدا کے منکر ہیں انہی سے ثابت کروایا کہ اے کافرو تم ہی دنیا کو قرآن کی سچائی کی باتیں بتا رہے ہو اور ہم نے اس گیند کو پھاڑ دیا ہے اور پانی سے زندگی پھوٹی۔ مقصد زندگی پیدا کرنا تھا۔ وہ زندگی جو پانی کے بغیر بظاہر موجود تھی وہ زندگی نہیں بلکہ Organism ہیں اور زندگی پانی سے پھوٹتی ہے اور عام Bio-Units پانی کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہیں۔ پانی کو زندگی کا ذریعہ بنایا اور اس کے بعد پہاڑوں کے ذریعہ پانی کا خصوصی نظام قائم ہوا۔ آیت نمبر 32 میں تمید کا ترجمہ "تمہارے لئے دستر خوان بچھا دیا" کیا۔ امام راغب نے بھی یہی ترجمہ کیا ہے یعنی پہاڑوں کی وجہ سے بہنے والے پانی سے تمہارے لئے کھانے کا انتظام کیا۔

دو سمندروں کا ملایا جانا

فرمایا کہ سمندروں کا آپس میں ملنا بہت دلچسپ مضمون ہے۔ حضور انور نے بڑی تحدی کے ساتھ فرمایا کہ قرآن مجید میں اس بارہ میں صرف دو آیات ہیں اور دو ہی واقعات دنیا میں گزرے ہیں جہاں دو سمندروں کو ملایا گیا ہے۔ سب سے پہلا ذکر قرآن مجید میں اس طرح ہے کہ "(۔) یہ دو الگ الگ سمندر ہیں، برابر نہیں۔ دونوں سے گوشت کھاتے ہو۔ اس مضمون کا تعلق روحانی دنیا سے بھی ہے یعنی (دین) کا سمندر اور دوسرے مذاہب کے سمندر جن سے سب فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

پھر سورہ رحمٰن میں ہے (۔) وہ دو سمندروں کو ملا دے گا جو موجیں مارتے ہوئے ایک دوسرے کی طرف بڑھیں گے۔ (۔) حضور نے فرمایا یہ نہر سویز کی طرف اشارہ ہے۔ جب یہ ملائے جائیں گے۔ تو یہ راستہ پہاڑوں جیسے جہازوں سے بھر جائے گا۔ خصوصاً جنگ کے دنوں میں نہر سویز جنگی جہازوں سے بھر جاتی ہے۔ دنیا کے ماہرین کہتے ہیں کہ اگر نہر سویز نہ بنائی جاتی تو دنیا میں مشرقین اور مغربین کا ایک ہونا ناممکن ہوتا۔

نہر پانامہ وسطی امریکہ کے جنوب میں واقع کوسٹاریکا کے ایک علاقہ پانامہ سے گزرتی ہے۔ قرآن کریم کی آیات بعینہ اس جگہ کی نشاندہی کر رہی ہیں (۔) یاد رکھیں کہ بحرالکاہل کا پانی سب سمندروں سے مقابلۃً میٹھا ہے مگر یہ نشاندہی کافی نہیں۔ فرمایا ان دونوں کے درمیان ایک بہت بڑی روک ہے مگر جب یہ Merg کر رہے ہوتے ہیں تو میٹھا اور کڑوا پانی مل رہا ہوتا ہے۔ دنیا کے سمندروں میں پانامہ کے سوا کوئی جگہ نہیں جہاں سمندر کے کڑوے پانی کو دوسرے سمندر کے ملنے سے پہلے میٹھا بنا دیا جاتا ہے۔ بحرالکاہل اور بحر اوقیانوس کے درمیان 82 کلومیٹر کی برزخ تھی جسے نہر پانامہ کے ذریعہ ملا دیا گیا۔ اس کا آغاز 1881ء میں فرانسیسیوں نے کیا لیکن پھر چھوڑ دیا۔ 1889ء میں پھر شروع کیا پھر ناکامی ہوئی۔ 1903ء میں امریکہ نے یہ مہم اپنے ذمہ لی جس کی وجہ پانامی revolt کی مدد کرنا اور کولمبیا کے نفوذ کو توڑنا تھا۔ اس دوران ان کی توجہ پانامہ کی طرف ہوگئی اور کولمبیا کو وہاں سے نکال کر پانامہ کے حقوق حاصل کر کے 1914ء میں اسے باقاعدہ کھول دیا۔ 1978ء سے 1999ء تک اس کے حقوق U.N.O کے پاس ہیں۔ اس میں خاص توجہ کے لائق اس کا میٹھا پانی ہے۔ یہ 82 کلومیٹر تک پھیلی جھیلوں اور دلدلوں سے گزرتی ہے جن کا پانی میٹھا ہے اور سمندر کو دوسرے سمندر میں ملنے کی اجازت نہیں جب تک وہ وہاں سے گزر کر میٹھا نہ ہو جائے۔ حضور نے فرمایا اس آیت کا اطلاق سوائے پانامہ کے کسی اور پہ ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ میٹھا اور وہ کڑوا اور ان کے دونوں کے درمیان 82 کلومیٹر کی جدائی۔ اس کو کہتے ہیں شان نزول کہ مستقبل کی باتوں کو اس طرح بیان کرے کہ کوئی جھول نہ رہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 13 فروری 1998ء)

دابۃ الارض میں طاعون کی پیشگوئی

26 جنوری 1998ء کے درس القرآن میں حضور انور نے دابۃ الارض کے متعلق آیات قرآنی کے حوالہ سے ذکر فرمایا۔ یعنی جب ہمارا فرمان ان کے حق میں پورا ہونے کا وقت آیا ہم نے ان کے لئے زمین سے دابۃ الارض نکالا جو کیڑے پر بھی اطلاق پاتا ہے کہ ایک کیڑا نکلے گا جو ان کو کاٹے گا کیونکہ وہ ہمارے نشان پر ایمان نہیں لاتے۔ اس کیڑے کا ذکر مستقبل کے حوالے سے کرنا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ دابۃ الارض طاعون ہوگا اور آنحضرت ﷺ نے 'ایک قسم' کا لفظ لگا کر ایک پیشگوئی فرمادی۔ سنن ابن ماجہ باب العقوبات، سے روایت لی گئی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی قوم جنسی بے حیائی میں مبتلا ہو جائے اور اس کی نمائش کرے تو ان میں ایک قسم کی طاعون پھیلے گی جو ان سے پہلے کبھی نہیں پھیلی، یعنی وہ عالمی وبا ہوگی.......... حضرت مسیح موعود نے تذکرہ صفحہ 705 میں تحریر فرمایا کہ یورپ اور دوسرے عیسائی ممالک میں ایک قسم کی طاعون پھیلے گی۔ آجکل ساری دنیا میں یہ بات ظاہر ہو چکی ہے اور تمام مغربی میڈیا کے نمائندے اپنے بیان میں اس کے لئے "ایک قسم کی طاعون" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں سب سائنسدانوں نے یہ پیشگوئی کر رکھی

ہے کہ جب یہ کل عالم میں زور دکھائے گی تو موتا موتی کا عالمگیر نظارہ ہوگا۔ یہ حصہ پیشگوئی کا پورا ہونے والا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ میرے نزدیک اس صدی کا آخر اور اگلی صدی کے شروع تک ان آیات اور احادیث کا مکمل اطلاق ہوگا۔ جنگوں سے بھی زیادہ اس سے تباہی آئے گی۔

علوم جدید کی خبریں

”واذاالقبور بعثرت“ سے مراد وہ نئے علوم ہیں جن سے آثار قدیمہ کی تحقیقات کی جاتی ہے۔

”واذا الارض مدت“ کے سلسلے میں حضور انور نے فرمایا کہ زمین کے پھیلا دئے جانے سے مراد ہے کہ نئی زمینیں دریافت ہوں گی۔ مثلاً امریکہ کے متعلق یہ خاص ہے۔ اگر امریکہ کا انقلاب نہ آتا تو دنیا بہت مختلف ہوتی لیکن امریکہ کے لئے یہ انتباہ بھی موجود ہے کہ تمہاری زمینی طاقتوں کو توڑ دیا جائے گا اور (دین) کا آسمان دوبارہ دنیا پر محیط کیا جائے گا۔

”یسئلونك عن الجبال (۔) کے ذکر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ پہاڑوں کے متعلق سوال کے جواب میں تو ان سے کہہ دے کہ میرا رب انہیں پارہ پارہ کر دے گا اور چٹیل میدان کی طرح چھوڑ دے گا۔ سوال کرنے والوں کے ذہن میں دنیاوی طاقتوں کے پہاڑ تھے۔ دنیاوی طاقتیں اس وقت بھی مٹائی گئیں اور اب بھی ایسے ہی ہوگا۔ پیشگوئی میں واقعات خود بول بولتے ہیں اور بولیں گے۔ اس زمانے میں ایٹمی جنگوں کا دور ہوگا۔ ایسی جنگوں میں وہ قومیں جو اپنی طاقت پر انحصار کر رہی ہیں پارہ پارہ کر دی جائیں گی۔ (۔) اس دن یہ پہاڑوں جیسی طاقتور قومیں اس کے پیچھے چلیں گی۔ اس داعی کی پیروی کریں گی جس کی تعلیم سیدھی سادی اور صاف ہے اور جو قول سدید کا قائل ہے۔ اس وقت تم دیکھو گے کہ آوازیں رحمان خدا کے سامنے جھک گئی ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 13 فروری 1998ء)

☆......☆......☆

انبیاء کی حالت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

”انسان کی سخت دلی اصل میں امیدوں پر ہوتی ہے۔ لیکن انبیاء کی یہ حالت نہیں ہوتی۔ جس قدر انبیاء ہوئے ہیں سب کی یہ حالت رہی ہے کہ اگر شام ہوئی ہے تو صبح کو ان کو امید نہیں کہ ہم زندہ رہیں گے اور اگر صبح ہوئی ہے تو شام کی امید نہیں کہ ہم زندہ رہیں گے۔ جب تک انسان کا یہ خیال نہ ہو کہ میں ایک مرنے والا ہوں تب تک وہ غیر اللہ سے دل لگانا چھوڑ نہیں سکتا۔

(ملفوظات جلد سوم ص 437)

ماخوذ

ماؤنٹ ایورسٹ ۔ دنیا کی بلند ترین چوٹی

دنیا کے بلند ترین پہاڑی سلسلے کوہ ہمالیہ کی یہ چوٹی 29 ہزار فٹ بلند ہے

ماؤنٹ ایورسٹ Mount Everest دنیا کے سب سے بلند اور اونچے پہاڑ کوہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی ہے جو ایشیا میں ہمالیہ کے دامن میں نیپال اور تبت کی سرحد کے درمیان واقع ہے۔ اس پہاڑ کا نام سنسکرت کی پرانی کتابوں میں ”دیوی گری“ بتایا جاتا ہے۔ جس کے معنی ”مقدس پہاڑ“ کے ہیں۔ تبّتی زبان میں سے ”چومولونگما“ Chomulungma اور نیپالی زبان میں ”ساگرماتا“ Sagarmatha کہتے ہیں۔ تبّتی اور نیپالی زبان میں اس پہاڑ کو جس نام سے پکارا جاتا ہے اس کے معنی ہیں ”ہوا کی دیوی“۔

سطح سمندر سے 8848 میٹر (29028 فٹ) بلند اس عظیم الشان پہاڑ کی مناسبت سے یہ بڑا شاعرانہ نام ہے لیکن اسے ایورسٹ کا نام اینڈ ریو واڈگ نامی ایک انگریز نے دیا۔ سر جارج ایورسٹ جو برٹش سروئیر جنرل آف انڈیا تھا اور ہندوستان میں 1830ء سے 1843ء تک سروئیر جنرل کے عہدے پر فائز رہا۔ اس کے اعزاز میں اس پہاڑ کا نام ماؤنٹ ایورسٹ رکھا گیا۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود ماؤنٹ ایورسٹ کا نام آج بھی متنازعہ ہے۔ سر جارج یورسٹ کو نیپالی و تبّتی پہاڑی سلسلے کا ماہر سمجھا جاتا ہے۔

1960ء کے اوائل میں نیپالی حکومت نے ایک وضاحت جاری کی تھی کہ ماؤنٹ ایورسٹ نیپالی نام نہیں ہے۔ 2002ء میں چینی حکومت کے نمائندہ اخبار ”ڈیلی نیوز“ میں ایک آرٹیکل شائع ہوا جس میں نکتہ اٹھایا گیا کہ مغربی میڈیا کی طرف سے اس پہاڑ کو جو انگریزی نام دیا گیا ہے وہ غلط ہے۔ اس آرٹیکل میں یہ تجویز بھی پیش کی گئی تھی کہ اس پہاڑ کو تبّتی یا چینی زبان میں نام دیا جائے۔ اسی آرٹیکل میں یہ بھی انکشاف کیا گیا کہ یہ چینی زبان کے قدیم نقشے میں جو تقریباً 280 سال پرانا ہے اس میں بھی ماؤنٹ ایورسٹ کا نام ”چومولونگما“ بتایا گیا ہے۔

ارضیات کے وقت کے پیمانے کے مطابق ایورسٹ اور دیگر دیو پیکر چوٹیاں جو ہمالیہ کے سلسلہ کوہ میں 2400 کلومیٹر 1500 میل کے فاصلے میں پھیلی ہوئی ہیں بہت زیادہ قدیم نہیں ہیں۔ ماہرین ارضیات کے مطابق ہمالیہ کے پہاڑ پانچ کروڑ سال قبل زمین کی سطح کے حصوں کو آپس میں ٹکرانے سے مٹی کی جو پرت جم گئی تھی اس سے بنے تھے۔ طبقات الارض کی ساخت میں خرابی کی وجہ سے جو ٹکڑا زمین کی طرف چلا گیا اس میں ہندوستان، آسٹریلیا اور بحر ہند بن گئے اور دوسرے حصے نے یورپ اور ایشیا کے وہ ملک بنائے جواب یورپ، وسطی ایشیا اور چین کہلاتے ہیں۔

لاکھوں سال گزرنے کے ساتھ ہواؤں اور برف نے اس کی سطح میں تبدیلی کی اور پہاڑ کے موجود نشیب و فراز اور دیو پیکر چوٹیوں نے ایسی شکل اختیار کی جیسی آج نظر آتی ہیں۔ کوہ ہمالیہ کے بالائی حصوں میں جو 6400 میٹر، بلند ہیں ان پر جو برف پڑتی ہے وہ سارا سال نہیں پگھلتی۔ پہاڑی سلسلوں کے درمیان میں پڑنے والے برف کے گالے سخت برف میں تبدیل ہو جاتے ہیں جو لڑھکتے ہوئے پہاڑ سے نیچے جاتے ہیں تو راستے میں رگڑ سے ٹوٹ کر گلیشیئر کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ گلیشیئر پہاڑ کے نزدیک وادیوں میں اپنی جگہ بناتے ہیں۔ یہی وہ گلیشیئر ز ہیں جن کی وجہ سے برصغیر پاک و ہند کے دریاؤں سندھ، برہماپترا اور ستلج میں پانی آتا ہے۔

1954ء میں انڈین حکومت نے ماؤنٹ ایورسٹ کی پیائش کرائی تو یہ 8848 میٹر (29,028 فٹ) تھی لیکن غیر سرکاری ذرائع کے مطابق یہ 8882 میٹر (29,141 فٹ) تھی۔ اس کی بلندی کی پیائش برٹش سروئیر جنرل سر جارج ایورسٹ (پ۔1790ء۔ وفات 1866ء) نے کی تھی۔ ماؤنٹ ایورسٹ اور اس کی دو ساتھی چوٹیوں لوتسی (بلندی 8495 میٹر) اور نپتسی (بلندی 7894 میٹر) نے مل کر مغربی وادی بنائی تھی۔ جس پر مسلسل برف جمع ہوتی رہتی ہے۔

ماؤنٹ ایورسٹ کو 1852ء میں دنیا کی سب سے بلند چوٹی تسلیم کر لیا گیا تھا جب بھارتی کوہ پیما اور سروئیر رادھا ناتھ سکیدار جس کا تعلق بنگال سے تھا اسے پہلی بار سر کیا۔ مگر تبّتی حکومت نے 1920ء تک کسی یورپی مہم جو ٹیم کو اس پہاڑ پر چڑھنے کی اجازت نہ دی۔ 1921ء اور 1938ء کے درمیان برطانیہ کی سات ٹیموں نے مختلف اوقات میں اسے سر کرنے کی کوشش کی۔ ان کو دو کوہ پیما اینڈ ریو اروِن Andrew Irwin اور جارج میلوری شمالی پہاڑی سلسلے کی جانب چڑھ رہے تھے کہ لا پتہ ہوگئے پھر ان کی لاشیں بھی نہ مل سکیں۔

دوسری جنگ عظیم (1939-45ء) کے بعد دنیا کے کئی ممالک کے کوہ پیماؤں نے ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کرنے کی کوشش کی۔ 1950ء میں چین کے کوہ پیماؤں کی ٹیم نے اس پہاڑ پر چڑھنے کے لئے شمالی راستہ اختیار کیا لیکن نیپالی مہم جوؤں نے یہ بات تسلیم کی کہ جنوبی راستہ زیادہ بہتر ہے۔ 1952ء میں سوئٹزر لینڈ کے کوہ پیماؤں نے جنوبی راستہ سے اس چوٹی کو سر کرنے کی دو مرتبہ کوشش کی لیکن حقیقی کامیابی برطانوی اور نیپالی کوہ پیماؤں کو ملی۔

29 مئی 1953ء کو نیوزی لینڈ کے سر ایڈمنڈ ہیلاری Edmund Hillary اور ایک نیپالی شرپا قبائلی تنزنگ نورگے Tenzing Norgay نے ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کیا۔ یہ برٹش مہم جو کمپنی کے ارکان تھے۔ انہوں نے 10 مارچ 1953ء کو کھٹمنڈو پہنچ کر اپنی مہم جوئی کا آغاز کیا اور تقریباً اڑھائی ماہ بعد اپنے مشن میں کامیاب ہوئے۔ سلسلے کی چوٹی پر پہنچنے کے لئے کچھ دوسرے راستے بھی ہیں جو خاصے دشوار گزار اور مشکل ہیں۔ اس کے علاوہ دو مرکزی راستے جو جنوب مشرق کی طرف جاتے ہیں وہ قدرے کم دشوار گزار ہیں۔ یہ وہ روٹ ہے جو 1953ء میں اس چوٹی کو سب سے پہلے سر کرنے والے ایڈمنڈ ھیلاری اور تنزنگ نورگے نے استعمال کیا۔ ماؤنٹ ایورسٹ کو اس اعتبار سے خوفناک اور پراسرار بھی کہتے ہیں کہ اس کو سر کرنے والے بے شمار کوہ پیماؤں کا آج تک سراغ نہیں ملا۔ 8 جون 1924ء کو جارج مولری اور اینڈ ریو نامی برطانوی کوہ پیما اس چوٹی کو سر کرنے نکلے تھے جن کے بارے میں اطلاع 1999ء میں ملی۔ ان میں سے ایک کے جسم کا ڈھانچہ قدیم چینی کیمپ کے قریب پڑا ملا۔

ماؤنٹ ایورسٹ کی بلندی 8.9 کلومیٹر ($5\frac{1}{2}$ میل) کے لگ بھگ ہے۔ اب تک بے شمار ممالک کی کوہ پیما ٹیمیں اسے سر کر چکی ہیں۔ جن میں سے کسی نے جنوبی گھاٹی کا راستہ اختیار کیا تو کوئی جنوب مغربی سمت سے اوپر چلا گیا۔ 1953ء سے پہلے 1933ء میں اس چوٹی کو ہوسٹن مہم نے بذریعہ طیارہ تسخیر کیا تھا۔ ماؤنٹ ایورسٹ جتنا قدیم ہے اس کی تاریخ کے بارے میں داستانیں بھی اتنی ہی خوفناک اور چونکا دینے والی ہیں۔

دنیا کی اس بلند ترین چوٹی پر شادی کی ایک دلچسپ اور یادگار تقریب ہو چکی ہے۔ 30 مئی 2005ء کو ایک نیپالی جوڑے نے اس چوٹی پر شادی کی۔ دنیا کی اس بلند ترین چوٹی پر اس سے قبل بھی کئی جوڑے مہم جوئی کے لئے آتے رہے ہیں تاہم یہ پہلا موقع تھا کہ ایک جوڑے نے پہاڑ کی اونچائی پر چڑھنے کے بعد کہا کہ ”مجھے قبول ہے“ جوڑے نے اس وقت شادی کی جب ان کی تین رکنی ٹیم ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے میں کامیاب ہوئی۔ نیپالی لڑکی ”مونی مولی یاتی“ کی عمر 24 سال جبکہ اس کے شوہر ”پیم دور جے شرپا“ کی عمر 23 سال تھی۔ لڑکی اونچی ذات جبکہ شوہر نیچ ذات کا ہونے کی وجہ سے نیپالی سوسائٹی میں اس شادی پر کافی تنقید ہوئی۔ چوٹی پر پہنچ کر دولہا دلہن نے آکسیجن ماسک اتار کر ایک دوسرے کو پلاسٹک کے پھول دیئے۔ اور باقی رسومات واپس زمین پر آ کر ادا کیں۔

(نوائے وقت میگزین 29 اپریل 2007ء)

ص۔ احمد

ام المومنین زوجہ رسول ﷺ

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مقدس سیرت

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مدینہ کے یہودی قبیلہ بنونضیر کے سردار حیی بن اخطب کی بیٹی تھیں۔ جس کا شجرۂ نسب حضرت ہارون علیہ السلام تک جاتا تھا اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جاملتا تھا۔

قبول اسلام سے قبل حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پہلی شادی غالباً چودہ سال کی عمر میں خیبر کے ایک یہودی سردار سلام بن مشکم سے ہوئی۔ جس نے آپؓ کو طلاق دے دی۔ پھر آپؓ کی شادی مدینے کے دوسرے یہودی قبیلے بنوقریظہ کے ایک سردار کنانہ سے ہوئی جو مدینے سے جلاوطنی کے بعد خیبر میں آباد تھا۔

7 ہجری میں غزوۂ خیبر کے موقع پر قلعہ قموص کی فتح پر جو عورتیں قید ہوئیں ان میں حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی تھیں۔ روایات میں آتا ہے کہ ان کا اصل نام زینب تھا۔

آپؓ اپنے قبیلہ کے ساتھ مدینہ سے جلا وطن ہونے کے بعد خیبر میں آباد ہوئی تھیں۔ فتح خیبر کے وقت آپ کی عمر سترہ (17) برس تھی۔ چونکہ ایک سردار کی بیٹی تھیں اور شہزادی کی حیثیت رکھتی تھیں۔ اس لئے عام دستور کے مطابق آپ کی شادی بھی ظاہری لحاظ سے اسی مقام کے آدمی سے ہونی تھی۔ چنانچہ تقریباً چودہ سال کی عمر میں یہودی سردار سلام بن مشکم سے ہوئی۔ جو دونوں کے باہمی تضاد اور طبائع کے اختلاف کی وجہ سے کامیاب نہ ہوئی۔

اس کے بعد آپ کی دوسری شادی یہودی سردار کنانہ سے ہوئی۔ جب خیبر فتح ہوا تو آپ کنانہ کے عقد میں تھیں۔ کنانہ ایک سنگدل انسان تھا۔ اس کے مقابل پر صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بلند شخصیت اور اخلاق عالیہ کی مالک تھیں۔ آپؓ کی نیک فطرت اور پاک روح کا اندازہ اس بات سے بھی ہوسکتا ہے کہ ایک رات آپؓ نے خواب میں دیکھا کہ چاند آپ کی گود میں آ گرا ہے۔ یہ خواب آپؓ نے اپنے شوہر کو بتائی۔ یہ سن کر وہ آگ بگولا ہوگیا اور آپؓ کے منہ پر زور سے تھپڑ مارا اور کہنے لگا کہ کیا تو حجاز کے بادشاہ محمد (ﷺ) سے شادی کی خواہش رکھتی ہے۔ اس تھپڑ کا نشان آپ کے چہرہ مبارک اور آنکھ پر قائم رہا۔ کنانہ کا یہ ردعمل ثابت کرتا ہے کہ وہ حقیقۃً آنحضرت ﷺ ہی کو عرب کا بادشاہ تسلیم کرتا تھا گو حسد، بغض اور عناد کی وجہ سے آپ کی عداوت میں سرگرم عمل تھا۔ اس مبشر خواب اور کنانہ کے ردعمل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے حضرت صفیہؓ کے دل میں آنحضرت ﷺ کا مقام اور مرتبہ بھی واضح فرما دیا اور آپؐ کے لئے رغبت بھی پیدا کردی۔

عرب کا قومی نشان چاند تھا۔ وہ چاند کی تعبیر بادشاہت اور حکومت سے کرتے تھے۔ اگر کوئی خواب میں یہ دیکھتا کہ چاند پھٹ گیا ہے یا گر گیا ہے تو اس کی تعبیر یہ کی جاتی کہ حکومت میں تفرقہ پڑ گیا ہے یا وہ تباہ ہوگئی ہے۔ اس طرح خواب میں اگر کوئی یہ دیکھتا کہ چاند اس کی جھولی میں آپڑا ہے تو اس کی تعبیر یہ کی جاتی کہ اس کا تعلق عرب کے بادشاہ سے ہوگیا۔ جیسا کہ کنانہ کے اس ردعمل سے بھی ظاہر ہوا اور بعد میں خداتعالیٰ کی فعلی شہادت نے بھی اس کی یہی تعبیر ظاہر فرمائی کہ بالآخر حضرت صفیہؓ غیر معمولی حالات میں آنحضرت ﷺ کے عقد میں آئیں۔

اس واقعہ کی تفصیل یوں ہے کہ جنگ خیبر کے دوران کچھ لوگ قید ہوئے جن میں ایک شخص نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا یارسول اللہؐ! صفیہؓ بنوقریظہ اور بنونظیر کی شہزادی ہیں۔ وہ آپؐ کے علاوہ کسی اور کے مناسب نہیں ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے حفظ مراتب کا خیال کرتے ہوئے فرمایا یہ درست ہے آنحضرت ﷺ کے سامنے حضرت صفیہؓ پیش ہوئیں تو آپؐ نے ان کی تکریم کی اور فرمایا کہ تم اپنے دین پر رہنا چاہو تو تمہیں اس کا پورا اختیار ہے، تم پر کسی قسم کا کوئی دباؤ نہیں۔ ہاں! اگر اللہ اور اس کے رسول کو اختیار کرو تو اس میں بہرحال تمہاری بھلائی ہے۔ صفیہؓ نے کہا میں آپؐ کو سچا سمجھتی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا میں سچا ہوں مگر جو میں نے بتایا ہے اس کے پیش نظر فیصلہ تمہارے اختیار میں ہے۔ چنانچہ صفیہؓ نے اللہ، اس کے رسول اور اسلام کو اختیار کرلیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے انہیں آزاد کردیا۔ آپؐ نے نہ صرف انہیں آزاد کردیا بلکہ انہیں یہ بھی اختیار دیا کہ اگر وہ چاہیں تو آپؐ کے عقد میں آسکتی ہیں اور اگر چاہتی ہیں تو اپنے خاندان والوں کے پاس بھی جاسکتی ہیں۔ چنانچہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کے حرم میں آنے کو ترجیح دی۔ آپؐ نے ان کو اپنی زوجیت میں لے لیا اور یہ شادی خاص الٰہی تقدیر پر مبنی تھی۔ بار بار اور مسلسل ایسے حالات پیدا ہوتے رہے کہ کوئی نہ کوئی دوسری راہ حضرت صفیہؓ کے سامنے آتی رہی۔ جس کی وجہ سے آپؓ کا رخ آنحضرت ﷺ سے دوسری طرف بھی مڑ سکتا تھا۔ مگر ادھر رخ مڑنے کی بجائے خداتعالیٰ نے آپؓ کی سمت وہی معین کئے رکھی جو اس کی تقدیر کے تحت آپؓ کو خواب میں بتائی گئی تھی۔ پس غیر معمولی حالات میں خواب کی اس تعبیر کا ظہور دراصل ایک اور خاص الٰہی تقدیر کی جانب اشارہ کررہا تھا۔ اور خیبر کی فتح اس خاص الٰہی تقدیر کے ظہور کے لئے پیش خیمہ ثابت ہوئی۔

(صحیح بخاری۔ کتاب المغازی، باب غزوۃ خیبر، ابن ہشام)

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب اپنے اقرباء اور اپنی آزادی پر اللہ اور اس کے رسولؐ کو ترجیح دی اور آنحضرت ﷺ کے حرم میں آنا پسند فرمایا تو اب صحابہؓ اس انتظار میں تھے کہ اگر آپ ﷺ حضرت صفیہؓ کو پردہ میں لے آئے تو پھر وہ امہات المومنین میں سے ہوں گی اور اگر پردہ نہ کرایا تو پھر کنیز کے طور پر ہوں گی۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت صفیہؓ کو پردہ اوڑھا دیا اور خیبر سے واپسی پر تیسرے دن جب صَہباء کے مقام پر پہنچے تو باقاعدہ رخصتانہ کے لئے تیاری کی گئی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دلہن بنایا اور رخصتانہ عمل میں آیا۔ رات آنحضرت ﷺ نے آپؓ کے چہرے پر ضرب کا نشان دیکھا جس کا اثر آنکھ پر بھی تھا تو اس کے متعلق آپ سے دریافت فرمایا۔ آپؓ نے اپنی رویا اور اس پر کنانہ کے غصہ وغضب اور طیش والا واقعہ سنایا۔

(ابن ہشام، غزوۂ خیبر)

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے چونکہ جنگ خیبر میں میرے باپ اور شوہر مارے گئے تھے اس لئے میرے دل میں آپؐ کے لئے انتہائی نفرت تھی مگر آپؐ نے میرے ساتھ ایسا حسن سلوک فرمایا کہ میرے دل کی سب کدورتیں جاتی رہیں۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ خیبر سے ہم رات کے وقت چلے تو آپؐ نے مجھے اپنی سوار کے پیچھے بٹھا لیا مجھے اونگھ آ گئی اور سر پالان کی لکڑی سے جاٹکرایا۔ حضورؐ نے بڑے پیار سے اپنا دست شفقت میرے سر پر رکھ دیا اور فرمانے لگے: اے لڑکی! اے حُیَیّ کی بیٹی! ذرا احتیاط کرو اور ذرا اپنا خیال رکھو۔ پھر رات کو جب ایک جگہ پڑاؤ کیا تو وہاں میرے ساتھ بہت محبت بھری باتیں کیں۔ فرمانے لگے دیکھو تمہارا باپ میرے خلاف تمام عرب کو کھینچ لایا تھا اور ہم پر حملہ کرنے میں پہل اس نے کی تھی اور یہ سلوک ہم سے روا رکھا تھا جس کی بنا پر مجبوراً تیری قوم کے ساتھ ہمیں یہ سب کچھ کرنا پڑا جس پر میں تم سے معذرت خواہ ہوں۔ مگر تم خود جانتی ہو کہ یہ سب کچھ ہمیں مجبوراً کرنا پڑا ہے۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب میں رسول کریم ﷺ کے پاس سے اٹھی تو آپؐ کی محبت میرے دل میں ایسی رچ بس چکی تھی کہ دنیا میں آپؐ سے بڑھ کر مجھے کوئی پیارا نہ تھا۔ (ھیثمی)

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ حسن اخلاق کا مجسمہ اور کوئی نہیں دیکھا۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سرکار دو عالم ﷺ سے نہایت محبت تھی۔ اپنی جان تک آپؐ پر نچھاور کرتی تھیں۔ چنانچہ جب آپؐ کی طبیعت ناساز ہوئی تو حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نہایت حسرت سے کہا کہ کاش آپؐ کی بیماری مجھے لگ جاتی۔ یہ کہنا تھا کہ بعض ازواج مطہراتؓ نے حضرت صفیہؓ کی طرف دیکھنا شروع کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دیکھ کر فرمایا: خداتعالیٰ کی قسم! صفیہ سچ کہہ رہی ہے۔

(زرقانی۔ جلد 3 صفحہ 692)

آنحضرت ﷺ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بے حد دلداری اور تکریم فرماتے تھے۔ صہباء میں شادی کے بعد جب مدینہ کو روانگی کا وقت آیا تو آنحضرت ﷺ نے اونٹ پر حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لئے اپنے پیچھے چادر بچھا دی اور خود اونٹ کے قریب بیٹھ گئے اور انہیں سوار کرنے کے لئے اپنا زانوئے مبارک اونٹ کے ساتھ لگا دیا اور حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپؐ کے زانوئے مبارک پر قدم رکھ کر اونٹ پر سوار ہوئیں۔

(صحیح بخاری۔ کتاب المغازی، باب غزوہ خیبر)

اس دلداری اور تکریم کا ایک نمونہ یہ بھی ہے کہ ایک مرتبہ سرور کائنات ﷺ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لے گئے تو دیکھا کہ وہ رو رہی ہیں۔ فرمایا: صفیہ! کیوں روتی ہو؟ کہا عائشہؓ اور حفصہؓ مجھ کو چھیڑتی ہیں اور کہتی ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کی نظر میں زیادہ مکرم اور محترم ہیں اور ہم آپؐ کی زوجہ ہونے کے ساتھ آپؐ کے چچا کی بیٹیاں ہیں۔ آپؐ نے فرمایا! تم نے یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ تم کیسے مجھ سے بہتر ہوسکتی ہو۔ جب کہ ہارونؑ میرے باپ اور موسیٰؑ میرے چچا ہیں اور محمد ﷺ میرے شوہر ہیں۔

(جامع ترمذی۔ حدیث نمبر 3890۔ زرقانی جلد 3 صفحہ 259)

آنحضرت ﷺ کی ازواج مطہرات میں سے بعض ایسی تھیں جو سرداروں کی بیٹیاں تھیں اور آپؐ کے حرم میں آنے سے پہلے ایسے ناز ونعم والے ماحول کی عادی تھیں جسے شاہانہ کہا جاسکتا ہے۔۔ ان کے لباس شاہانہ اور کھانے پُر تکلف ہوتے تھے اور عادات بھی اسی ماحول والی تھیں۔ اس کے برعکس آنحضرت ﷺ کا رہن سہن انتہائی سادہ تھا اور طرز زندگی بھی بہت ہی بنیادی ضروریات پر مبنی تھی۔ لیکن یہ ان ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن کی طبائع کا حسن تھا کہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ انہوں نے بھی ایسی ہی طرز زندگی اپنائی جو قرآن کریم کے احکام اور آنحضرت ﷺ کی توقعات کے عین مطابق تھی۔

آپؐ کی طرح ازواج مطہراتؓ بھی ایک ہی جوڑے میں گزارا کرلیتی تھیں۔ چنانچہ ایک وقت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ:۔

کہ ہم میں سے ہر ایک (زوجہ مطہرہ) کے پاس صرف ایک (جوڑے) کپڑے کے علاوہ اور کپڑا نہیں ہوتا تھا۔

(سیرت خاتم النبیّین از مرزا حضرت بشیر احمد صاحب صفحہ 202)

ازواج مطہراتؓ دنیوی زخارف اور نعماء کی طرف توجہ نہیں دیتی تھیں۔ ان کو ہر کام اور ہر بات میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی خوشنودی مدنظر ہوتی تھی۔

آنحضرت ﷺ اور آپؐ کے اہل بیت نے باوجود دولت وثروت کے مالک ہونے کے زہد وتقویٰ کے ساتھ سادہ زندگی اختیار فرمائی۔ دنیا کی بجائے آخرت کو چنا تھا۔ دولت وثروت کی جگہ فقر وفاقہ کی زندگی کو ترجیح دی اور خدمت نفس کی جگہ خدمت انسانیت کے بلند نصب العین کو پسند فرمایا۔

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا چونکہ یہود کے سردار کی بیٹی تھیں، ماں کی گود میں آنکھ کھولی ہی تھی کہ چاروں طرف دولت کے انبار تھے۔ اس وجہ سے حق تعالیٰ نے طبیعت میں فیاضی اور سیر چشمی عطا فرمائی تھی۔ چنانچہ آپؓ جب ام المومنین بن کر مدینہ منورہ تشریف لائیں تو آپؓ کے کانوں میں سونے کے کچھ زیورات تھے۔ آپؓ نے اس میں سے کچھ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دے دئے اور کچھ دوسری عورتوں میں تقسیم کر دیئے۔

(زرقانی جلد3 صفحہ 692 الاصابہ جلد4 صفحہ 743)

حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دیگر ازواج کی طرح علمی خصوصیات کا بھی مخزن تھیں۔ اکثر لوگ ان سے مسائل پوچھتے اور اطمینان حاصل کرتے تھے۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں اللہ تعالیٰ نے بہت سے محاسن اخلاق جمع کر رکھے تھے۔ چنانچہ لکھا ہے:

کہ عقلمند عورتوں میں سے نہایت عقل مند تھیں۔

(عیون الاثر جلد2 صفحہ 204)

نیز لکھا ہے:

سیدہ صفیہؓ عاقلہ، فاضلہ اور حلیم تھیں۔

(الاستیعاب جلد4 صفحہ 1781 زرقانی جلد3 صفحہ 692)

آپؓ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی سختی سے پابندی کرتیں۔ نہایت قانع فیاض، خاشع، متضرع اور عبادت گزار تھیں۔ یتامیٰ کی کفالت کرتی تھیں۔ زہد وتقویٰ کے ساتھ زندگی بسر کرنے والی تھیں کیونکہ وہ اس خدا کے عاشق زار برگزیدہ رسول ﷺ کے کاشانہ اقدس کی تربیت یافتہ تھیں جو نبیوں کا سردار اور تمام نبیوں کے انوار کا حامل تھا۔

جس طرح اس دنیا میں ازواج مطہراتؓ کا حسب ونسب، طبائع اور سیرت وصفات اپنے محبوب آقا و مولیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سے ہم آہنگ تھیں اور وہ آپؐ کے رنگ میں رنگین تھیں اسی طرح آخرت میں بھی انہیں اپنے محبوب شوہر کی معیت وقربت نصیب ہو گی۔ اس کی بنیادی وجہ تو سیرت وکردار کی وہ ہم آہنگی ہے جو ہم صفات وجودوں کو ملا کر شفاعت کے مضمون میں باندھ دیتی ہے۔ یعنی ازواج مطہراتؓ لازماً اپنے نیک اعمال کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کی شفاعت کے تحت آپؐ کے قریب ہوں گی۔

آپؐ نے سب ازواج مطہراتؓ کو یہ بشارت دی تھی کہ وہ اخروی زندگی میں آپؐ سے ملیں گی اور فرمایا کہ آخرت میں مجھ میں سے سب سے پہلے وہ ملے گی جو لمبے ہاتھوں والی ہو گی۔ (یعنی صدقہ و خیرات اور مالی قربانی میں سب سے بڑھ کر ہو گی) آپؐ کے اس حسین کلمہ سے ازواج مطہراتؓ نے اخروی زندگی میں اپنے محبوب شوہر اور آقا و مطاع ﷺ کے ساتھ ہونے کی نوید سنی تو اس جہان میں بھی آپؐ کے قرب ووصل کی تمنا میں بے قرار ہو کر ایک دوسرے کے ساتھ ہاتھ ماپنے لگیں۔ ہر ایک کی خواہش تھی کہ کاش اس کے ہاتھ دیگر ازواجؓ کی نسبت زیادہ لمبے ہوں تا کہ اخروی زندگی میں وہ سب سے پہلے اپنے محبوب شوہر سے جا ملے۔

50 ہجری میں ساٹھ سال کی عمر میں حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا امت کی عورتوں کے لئے افق اسلام پر انتہائی بلند نمونہ اعلیٰ کردار اور نورانی سیرت کی قوس قزح چھوڑ کر اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں اور اپنے محبوب شوہر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے قرب میں جا گزیں ہو گئیں۔

آخر میں دعا ہے کہ اے اللہ! ہم میں سے ہر ایک کو امہات المومنینؓ کے پاک نمونے اور سیرت کی ادائیں اپنانے کی توفیق بخش۔ ان آبگینوں کی چمک میں سے کچھ چمک عطا فرما کہ ہم بھی اپنے پیارے حبیب ﷺ کے نور سے منور ہو جائیں۔ اے اللہ! ہمیں بھی وہ سکینت اور نفس مطمئنہ بخش کہ اپنے مالک کے حضور حاضر ہوں تو قرب حبیب ﷺ سے فیض یاب ہوں۔ آمین

☆......☆......☆

ٹیڑھے دانتوں کا علاج اور فکسڈ بریسز

آگاہی صحت عامہ کے سلسلہ میں فضل عمر ہسپتال میں ایک معلوماتی لیکچر

آگاہی صحت عامہ کے سلسلے میں فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ٹیڑھے دانتوں کا علاج اور فکسڈ بریسز (Fixed Braces) کے موضوع پر مورخہ 30/ اکتوبر 2008ء کو ایک سیمینار منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد ڈینٹل سرجن مکرم ڈاکٹر سید طلحہ جنود صاحب نے اس بارے میں نہایت معلوماتی لیکچر دیا۔ لیکچر کے آغاز میں ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اگرچہ 23 سال قبل از مسیح یہ معلوم ہو چکا تھا کہ انگلی کے مسلسل دباؤ سے دانت کو حرکت دی جا سکتی ہے تاہم ٹیڑھے دانتوں کو سیدھا کرنے کیلئے پہلا باقاعدہ آرتھوڈونٹک سکول 1901ء میں Angles نے قائم کیا۔ پھر رفتہ رفتہ اس کے طریقہ کار میں جدت آتی رہی اور ترقی کا یہ عمل اب بھی جاری ہے۔

ٹیڑھے دانتوں کی وجوہات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بعض پیدائشی بیماریوں کے ساتھ دانتوں کا ٹیڑھا پن بھی ظاہر ہو جاتا ہے لیکن پیدائش کے بعد صحت مند بچوں میں بھی بعض اُمور مثلاً ماں کا بچے کو دودھ پلاتے وقت پوزیشن ٹھیک نہ رکھنا، لیٹتے وقت گردن کی پوزیشن درست نہ ہونا، اُونچا تکیہ استعمال کرنا، مُنہ سے سانس لینا، انگوٹھا چُوسنا، لمبے عرصہ تک فیڈر یا چوسنی کا استعمال کی وجہ سے بھی دانت ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح بچے کا زبان کو دانتوں کے درمیان بار بار لینا جیسی عادات اور دُودھ کے دانتوں کا دیر تک نہ گرنا جیسی وجوہات بھی ایسی صُورت کا باعث بن سکتی ہیں۔ اگر والدین بروقت ان امور کا خیال رکھیں تو اس مشکل سے بچاؤ ممکن ہے۔

پھر ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ دانتوں کے ٹیڑھے ہونے کی وجہ سے بہت سے اثرات اور پیچیدگیاں بھی رُونما ہو سکتی ہیں جن میں سر فہرست تو چہرے کی خوبصورتی متاثر ہونا ہے۔ چہرے کے نقوش کا خراب ہونا، مسکراہٹ پر اثر ہونا، جبڑے کے جوڑ کا متاثر ہونا یہ سب یا ان میں سے کچھ اثرات رونما ہو سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ منہ میں بار بار زخم ہونا، بولنے میں مشکل ہونا، درست تلفظ ادا نہ کر سکنا جیسے عمومی مسائل بھی ظاہر ہو سکتے ہیں جن کی وجہ سے کسی شخص کو خود پر اعتماد کم ہونے لگتا ہے اور روزمرہ زندگی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتی۔

